# اپنے اہل وعیال پر خرچ کرنا

<"xml encoding="UTF-8?>

” اپنے اہل وعیال پر خرچ کرنا“

رسول خدا سے مروی ہے کہ آپ نے فر مایا:

” الکاد علی عیا له کا لمجا هد فی سبیل اللّٰہ “

” اپنے اہل وعیال کے لئے (رزق) تلاش کرنے والا خدا کی راہ میں جہاد کر نے والے کی مانند ہے۔

آپ ہی سے مروی ہے کہ: جو اپنے اہل وعیال پر خرچ کر تا ہے تو وہ صدقہ ہے۔

آپ ہی سے مروی ہے کہ آپ نے فر مایا:

تم نے اپنے بچوں پر ایک دینار خرچ کیا اور خدا کی راہ میں ایک دینار خرچ کیا یا کسی غلام کی آزادی میں ایک دینار خرچ کیا یا کسی مسکین کو ایک دینار صد قہ دیا ان دیناروں میں سب سے زیادہ ثواب اس دینار کا ہے جو اپنے بچوں پر خرچ کیا ہے۔